سوال

(36) "حق چاریار" کہنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مولوی صاحب یہ کہتے ہیں کہ خلافت راشدہ کے جواب میں حق چاریار کہنا غلط ہے کیونکہ حق خدا تعالیٰ کی صفت ہے اور یہ گویا حق چاریار کہنا شرک ہوا، اس کی وضاحت فرمائیں کہ یہ شرعی طور پر جائزہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وباللہ التوفیق ۔ یہ بات ان مولوی صاحب کی درست نہیں، جس طرح خلافت راشدہ حق ہے کہنا درست ہے حق چاریار کہنے کا مطلب بھی یہی ہے یعنی رسول اکرم ﷺ کے یار صرف حضرت علیؓ نہیں تھے بلکہ چاروں خلفاء سے رسول اللہ ﷺ کی ایک خاص قسم کی محبت تھی (ہر ایک سے صفت مخصوصہ طیبہ کے باعث) اور چاروں خلفاء وسیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ اول) سیدنا عمر فاروقؓ خلیفہ دوم اور حضرت علیؓ بلحاظ درجات مسلمہ اہل سنت والجماعت، رسول اکرم ﷺ سے انتہاء درجہ کی محبت تھی اور چونکہ محب کا ترجمہ پنجابی زبان میں یار ہے بنا بریں، تفہیم کے لئے چاروں خلفاء کو چاریار کہہ کر یہ کہہ دیا جائے کہ سچی بات یہ کہ چاروں آنحضرت ﷺ کے سچے یار تھے تو اس میں نہ شرک ہے نہ خلاف واقعہ ہے اور نہ ہی غلط ہے ہذا ما عندی واللہ اعلم (الاعتصام جلد نمبر ۳۱ ش ۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 10 ص 78

محدث فتویٰ